| 2025 III 01 | 0930 | Seat. No. | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

Time : 3 Hours

URDU (F.L.)

Subject Code

| S | 1 | 1 | 1 | 3 |
|---|---|---|---|---|

Total No. of Questions : 58 (Printed Pages : 12) Maximum Marks : 80

**ہدایات** : (i) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(ii) سوال نمبرات صحیح اور صاف لکھیں۔

(iii) سوالیہ پرچہ میں اپنے سیٹ نمبر کے علاوہ کچھ نہ لکھیں۔

(iv) ہر سوال کا جواب جتنے الفاظ میں لکھنے کے لئے کہا گیا ہے اتنا ہی لکھیں۔

## SECTION-A (حصّہ الف)

### (READING)

* نیچے دی گئی عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھیئے :

رضیہ سلطان ہندوستان کی پہلی ملکہ تھی جو دہلی کے تخت پر بیٹھی۔ وہ دہلی کے بادشاہ التمش کی بیٹی تھی۔ اپنے بہن بھائیوں میں رضیہ سب سے زیادہ ذہین محنتی اور ہوشیار تھی۔ باپ نے اپنی زندگی ہی میں اسے اپنا جانشین مقرر کر دیا، وہ جانتا تھا کہ بیٹے عیش پسند ہیں، بیٹی کے علاوہ کوئی اور حکومت چلانے کی صلاحیت نہیں رکھتا تھا۔ اس نے اپنے آخری دنوں میں چاندی کے سکّے پر رضیہ سلطان کا نام بھی شامل کرالیا

تھا۔ تخت نشیں ہونے پر رضیہ نے عہد کیا کہ ''میں عوام کی بھلائی اور سلطنت کی ترقی کے لئے کام کروں گی۔ میں اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھوں گی جب تک یہ ثابت نہ کر دوں کہ عورتیں مردوں سے کم نہیں۔

.1 رضیہ سلطان کس کی بیٹی تھی ؟ 1

.2 رضیہ سلطان میں کیا کیا خوبیاں تھی ؟ 1

.3 تخت نشیں ہونے سے پہلے رضیہ سلطان نے کیا عہد کیا ؟ 1

.4 مندرجہ بالا اقتباس سے لفظ برائی کی ضد تلاش کر کے لکھیئے۔ 1

* مندرجہ درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور رواں خاکہ مکمل کیجئے : 4

پرندہ دانہ چگتے چگتے سیر ہو گیا۔ اب اس نے دیکھا کہ اس کا سایہ قدموں تلے نہیں ہے بلکہ کچھ لمبا ہو گیا ہے۔ اس نے مٹی میں چونچ رگڑ کر قریب کی ندی سے ٹھنڈا پانی پیا اور پھر ایک بار ہوا کو چیرتا فضا میں اڑتا چلا گیا۔ اسے ہر اڑان پر یوں محسوس ہوتا جیسے وہ بس ابھی چمکتے نیلے آسمان کو چھو لے گا۔ آسمان کو چھونے کی یہ خواہش اسے اوپر ہی اوپر لیے چلی جاتی۔ آسمان ابھی بہت دور تھا اور پروں میں تھکن رینگنے لگی تھی۔ اس نے آسمان کو چھونے کا فیصلہ ہمیشہ کی طرح کل پر ٹالا اور نیچے اترنے لگا۔

پرندے نے جب سر کو خم کر کے نیچے پھیلی ہوئی دنیا کو دیکھنا چاہا تو اچانک اس کی پرواز تھم گئی۔ اس کا ننھا سا دل دھک سے رہ گیا۔ دھوئیں کے کثیر بادل میں اترا تو اس کے سینے میں چنگاریاں اتر گئیں۔

.5 [ ] سیر ہو گیا۔

.6 [ ] بلکہ کچھ لمبا ہو گیا۔

.7 [ ] اوپر ہی اوپر لیے چلی جاتی۔

.8 [ ] ابھی چمکتے نیلے آسمان کو چھو لے گا۔

.9 [ ] پروں میں تھکن رینگنے لگی تھی۔

.10 [ ] ٹالا اور نیچے اترنے لگا۔

.11 [ ] اچانک اس کی پرواز تھم گئی۔

.12 [ ] سینے میں چنگاریاں اتر گئیں۔

* مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیئے گئے سوالات حل کیجئے :

رونے میں کوئی برائی نہیں ہے، نم آنکھیں نرم دل ہونے کی نشانی ہیں اور دلوں کو نرم ہی رہنا چاہیے۔ اگر دل سخت ہو جائیں تو پھر ان میں پیار و محبت کا بیج نہیں بویا جا سکتا اور

اگر دلوں میں محبت ناپید ہو جائے تو پھر انسان کی سمت بدلنے لگتی ہے۔آنسوؤں کے پیچھے نا امیدی اور مایوسی نہیں ہونی چاہیے۔ کیونکہ نا امیدی ایمان کی کمزوری کی علامت ہوتی ہے، اللہ سے ہمیشہ بھلائی اور اچھے وقت کی آس رکھنی چاہیے۔ اللہ اپنے بندوں کو اسی چیز سے نوازتا ہے جو وہ اپنے اللہ سے توقع کرتے ہیں۔

13. نم آنکھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہونے کی نشانی ہیں۔ 1

- نرم دل
- سخت دل
- سنگ دل
- رحم دل

14. آنسوؤں کے پیچھے نا امیدی اور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نہیں ہونی چاہیے۔ 1

- چالاکی
- مایوسی
- بیزاری
- بیداری

15. ناامیدی ---------------------------------- کی کمزوری کی علامت ہے۔ 1

- دین
- دل
- ایماں
- جسم

16. اللہ سے ہمیشہ ---------------------- اور اچھے وقت کی آس رکھنی چاہیے۔ 1

- آسائش
- شہرت
- دولت
- بھلائی

## SECTION-B (حصّہ ب)

### (TEXTUAL)

* خط کشیدہ الفاظ کی جگہ سبق میں آئے ہوئے الفاظ استعمال کرکے جملے دوبارہ لکھیئے : 4

17. امیرالمومنین خدانخواستہ طبیعت کچھ خراب ہے۔

18. بیٹی تمہیں اس خدمت کا پھل ملے بغیر نہ رہے گا۔

19. طیارہ اپنے آہنی پروں کو پھیلائے زمین کے سپاٹ سینے پر دھیرے دھیرے چل رہا تھا۔

20. اللہ تعالی کے نیک بندے ہمیشہ حق کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں۔

* مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات 15 تا 20 الفاظ میں لکھئے (کوئی **چار**) : 8

21. والد کے برہم ہونے اور حضرت سلمان فارسیؓ کو بیڑیاں پہنانے کا سبب تحریر کیجئے۔

22. خطوط کی قسموں کے نام لکھیئے۔

23. طیارے کے اڑان بھرنے اور فضا سے زمین کے منظر کو اپنے الفاظ میں لکھئے۔

24. رسالہ اردوئے معلیٰ کے بند ہونے کی وجہ لکھیئے۔

25. صوفی شاعر شیخ محمد کے شعر کا مطلب بیان کیجئے۔

26. سبق ''مظفر حنفی سے ایک ملاقات'' میں آئے ہوئے انگریزی الفاظ کی فہرست بنائیے۔

* مندرجہ ذیل جملوں کی متن کے حوالے سے **25** تا **30** الفاظ میں وضاحت کیجئے : 4

27. دن کو کہانی سنانے سے مسافر راستہ بھول جاتے ہیں۔

28. اگر ٹیلی ویژن کی قسط بھی ادا کرنی پڑی تو میرا تو دیوالیہ ہی پٹ جائے گا۔

* مندرجہ ذیل خط کشیدہ الفاظ کو تبدیل کر کے ان کے مترادف/ہم معنی الفاظ استعمال کر کے جملے دوبارہ لکھیئے : 2

29. اگر کسی <u>رکابی</u> میں نسبتاً بڑی بوٹی چلی جاتی تو بس قیامت ہی آجاتی۔

30. چھری کانٹے یا چمچے سے کھانا کھانے میں وہ <u>لطف</u> کہاں جو ہاتھ سے کھانے میں ہے۔

* درج ذیل اشعار غور سے پڑھیئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھیئے : 2

(*i*) نہ گیا کوئی عدم کو دلِ شاداں لے کر
یاں سے کیا کیا نہ گئے حسرت وارماں لے کر

(*ii*) ساتھ لے لو سِپر محبت کی
اس کی نفرت کا وار سہنا ہے

31. عدم کے مسافر کے ہم سفروں کے نام لکھیئے۔

32. دوسرے شعر میں استعمال کی گئی صنعت کا نام لکھیئے۔

* درج ذیل قطعہ غور سے پڑھیئے اور دیے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : 2

مجھے ڈرا نہیں سکتی فضا کی تاریکی
میری سرشت میں ہے پاکی و درخشانی
تو اے مسافرِ شب، خود چراغ بن اپنا
کر اپنی رات کو داغِ جگر سے نورانی

33. شاعر مسافرِ شب کو کیا بننے کے لئے کہہ رہا ہے؟

34. مندرجہ بالا قطعہ سے زیرِ اضافت والے دو الفاظ ڈھونڈ کر لکھیئے۔

* مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات **25** تا **30** الفاظ میں لکھئے ( کوئی دو ) : 4

35. حمد کی تعریف بیان کیجئے۔

36. مرثیہ کسے کہتے ہیں ؟ مرثیہ کی قسموں کے نام لکھیئے۔

37. ''پریت کا گیت'' نظم میں شاعر کی بھارت واسیوں سے التجا بیان کیجئے۔

* مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات **40** تا **50** لفظوں میں لکھیئے ( کوئی **دو** ) : 6

38. ابوالحسن کو ایک دن کا خلیفہ بنائے جانے کا سبب لکھیئے۔

39. ''قصہ سوتے جاگتے کا'' ڈرامہ کے اہم کرداروں کے نام اور ان کی شناخت لکھئے۔

40. ''قصہ سوتے جاگتے کا'' ڈرامہ کے کسی ایک کردار پر روشنی ڈالئے۔

## SECTION-C (حصّہ ج)

## (GRAMMAR)

* درج ذیل اقتباس کی خالی جگہوں کو مناسب حرفِ جار کی مدد سے پُر کر کے اقتباس دوبارہ لکھیئے : 3

41. بچوں ---------- لیے لکھتے وقت مصنف ---------- خود بچہ بن جانا چاہیے یعنی بچوں ---------- نفسیات سے اس ---------- بخوبی واقف ہونا ضروری ہے۔ اردو ---------- نرسری رائز کی سخت کمی ہے۔ بچوں کے لیے لکھنے والوں کو ٹی وی اور ریڈیو ---------- زیادہ مواقع فراہم کرنا چاہیے۔

* درج ذیل جملوں میں مفرد، مرکب اور مخلوط جملے پہچان کر لکھئے : 3

42. دعوت کا وقت آیا اور مہمان کے لئے ڈیوڑھی میں چٹائی بچھائی گئی۔

43. میں نے بھولے کو مٹھائی کی لالچ سے منایا۔

44. حضرت سلمان فارسیؓ جب تک یہودی کے غلام رہے، اسلامی جنگوں میں شریک نہ ہو سکے۔

* مندرجہ ذیل الفاظ کی ضدیں لکھئے : 2

45. حق

46. بحر

* مندرجہ ذیل حروف کے نمبروں کے مطابق کے جوابی نمبروں سے صحیح ترتیب نقل کر کے بننے والا لفظ لکھیئے۔ 2

47. حضرت سلمان فارسیؓ کا پہلا نام :

| ا | ہ | و | م | ے | ا |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۱ |

(i) ۱۵۳۲۱۴

(ii) ۱۴۵۳۲۱

(iii) ۴۵۳۱۲۱

48. پروین شیر کے شوہر کا نام :

ا   ر   ث   و

۱   ۲   ۳   ۴

(i) ۴۱۲۳

(ii) ۳۲۱۴

(iii) ۱۲۳۴

* مندرجہ ذیل محاوروں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے : 2

49. صلیب اٹھانا۔

50. طبیعت ناساز ہونا۔

* مندرجہ ذیل سابقے اور لاحقے لگا کر دو-دو بامعنی الفاظ بنائیے : 2

51. سابقہ : بد

52. لاحقہ : ناک

* مندرجہ ذیل کسی **ایک** کہاوت کا مطلب بیان کیجئے : 2

53. جیسے کو تیسا

54. الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے

## SECTION-D (حصّہ د)

55. ذیل میں دی گئی تصور کو غور سے دیکھیے اور اس کی منظر کشی کیجئے (دو پیراگراف لکھیئے ): 3




56. آپ سحر خان/ساحر خان ہیں۔ فلیٹ نمبر 12، سیکنڈ فلور، سپنا ٹاور، بھنڈی بازار، مانڈوی، ممبئی، مہاراشٹرا میں رہتے ہیں اپنی سہیلی / دوست کو خط لکھ کر آپ کی اسکول میں منائے گئے یومِ اساتذہ کے جلسے کے بارے میں تفصیلی معلومات دیجئے۔ 6

**یا**

آپ نرگس شاہ / نصیر شاہ ہیں۔ گھر نمبر 10، امام گلی، ڈھارواڑ، کرناٹکا میں رہتے ہیں۔ الیکٹرک انجینیئر کو عریضہ لکھ کر بار بار بجلی جانے کی شکایت کیجیے۔

.57 مندرجہ ذیل خاکے کی مدد سے کہانی مکمل کیجیے : 3

سوداگر کا حج کو جانا ــــــــــ سومن لوہا دوست کے پاس رکھنا ــــــــــ دوست کی نیت میں خرابی ــــــــــ سوداگر کے لوٹنے پر کہنا : لوہا چوہے کھا گئے ــــــــــ سوداگر کی حیرانی ــــــــــ ترکیب سوچنا دوست کو اپنے گھر دعوت پہ بلانا ــــــــــ اس کے بچے کو چھپا دینا ــــــــــ کہنا بچے کو ــــــــــ

.58 مندرجہ ذیل دیئے گئے عنوانات میں سے کسی **ایک** عنوان پر **100** سے **120** الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے : 8

- مرجھائے پھول کی آپ بیتی
- سمندر کنارے ایک شام
- میری پسندیدہ شخصیت
- تعلیمِ نسواں
- جنگلات کی اہمیت